**Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar**

Date : 09 October 2024

Time : 09.00 to 09.10 AM

# آکاشوانی چھترپتی سنبھاجی نگر

## علاقائی خبریں

تاریخ : ۹/ اکتوبر ۲۰۲۴ء

وقت : صبح ۹.۰۰ سے ۹.۱۰ بجے

**پہلے خاص خبروں کی سرخیاں ...**

☆ **وزیر اعظم آج ہنگولی اور جالنہ میڈیکل کالج سمیت دیگر منصوبوں کا سنگِ بنیاد رکھیں گے**

☆ **ریاست میں آبپاشی اسکیمات کو شمسی توانائی سے چلانے کے لیے 29/ ہزار کروڑ روپئے کا فنڈ موصول**

☆ **اقلیتی برادری سے تعلق رکھنے والے طلباء کے لیے ریاست کا پہلا ہاسٹیل سلوڑ میں قائم کیا جائے گا**

☆ **70/ ویں قومی فلم ایوارڈ صدر جمہوریہ کے ہاتھوں تقسیم**

**اور**

☆ **لڑکیوں کے T-20/ کرکٹ ورلڈ کپ ٹورنامنٹ میں آج بھارت کا مقابلہ شری لنکا سے**

**اب خبریں تفصیل سے...**

وزیر اعظم نریندر مودی آج ریاست کے لیے 7/ ہزار 600/ کروڑ روپیوں کے منصوبوں کا سنگ بنیاد اور افتتاح کریں گے۔ اِس میں وہ جالنہ اور ہنگولی سمیت ممبئی ' ناسک ' بلڈھانہ ' واشم 'امراوتی' بھنڈارا ' گڈچِرولی اور امبرناتھ کے میڈیکل کالجوں کا آن لائن افتتاح کریں گے۔

اِسی طرح ناگپور بین الاقوامی ہوائے اڈے کی توسیع اور شرڈی ہوائی اڈے کے نئے ٹرمِنل کا سنگ بنیاد بھی رکھیں گے۔

***** ***** *****

ریاست میں اگر مہا وِکاس آگھاڑی کی حکومت قائم ہوتی ہے تو وزیر اعلیٰ کون ہوگا اِس کی وضاحت کی جائے۔شیوسینا اُدھو باڑا صاحب ٹھاکرے پارٹی کے سربراہ اُدھو ٹھاکرے نے اپنا یہ مطالبہ دہرایا ہے۔ وہ کل ممبئی میں پارٹی کی جانب سے منعقدہ کانفرنس میں اظہار خیال کر رہے تھے۔ اِس موقعے پر انھوں نے مزید کہا کہ کانگریس پارٹی اور راشٹروادی کانگریس شرد چندر پوار پارٹی وزیر اعلیٰ عہدے کے امیدوار کا اعلان کریں ہم اُس کی حمایت کریں گے۔

***** ***** *****

ریاست کے سبھی آبپاشی منصوبے اب شمسی توانائی سے چلائے جائیں گے۔ اِس کے لیے مرکزی حکومت نے ریاست کو تقریباً 29/ ہزار کروڑ روپئے کا فنڈ دیا ہے۔ وزیر توانائی دیویندر پھڑنویس نے یہ بات بتائی۔ وہ کل شولا پور میں وزیر اعلیٰ میری لاڈلی بہن یوجنا کے جلسے میں اظہار خیال کر رہے تھے۔انھوں نے بتایا کہ فی الحال اِس پروجیکٹ کے پہلے مرحلے میں 12/ ہزار کروڑ روپئے اور دوسرے مرحلے میں 3/ ہزار کروڑ روپیوں کے اخراجات پر مشتمل کام جاری ہیں۔

اِس جلسے میں نائب وزیر اعلیٰ اجیت پوار بھی موجود تھے۔ اِس موقعے پر دونوں وزراء اعلیٰ نے اپنی اپنی مخاطبت میں کہا کہ وزیر اعلیٰ میری لاڈلی بہن یوجنا کسی صورت میں بند نہیں کی جائے گی۔ انھوں نے کہا کہ اِس بارے میں مخالفین کے جھوٹے پروپیگنڈے پر کوئی دھیان نہ دیں۔

***** ***** *****

مرکزی وزیر برائے اقلیتی بہبود کِرن ریجی جو نے کہا ہے کہ مرکزی حکومت اپنی مختلف اسکیمات اور مہمات کے ذریعے اقلیتی برادری کی فلاح و بہبود اور ترقی کے لیے کوشاں ہیں۔ وہ کل چھترپتی سنبھاجی نگر ضلعے کے سلوڑ میں اقلیتی طلباء کے لیے قائم کیے جا رہے ہاسٹل کا سنگِ بنیاد رکھنے کے بعد اظہار خیال کر رہے تھے۔ خیال رہے کہ یہ ہاسٹیل وزیر اعظم عوامی ترقیات پروگرام تحت قائم کیا جا رہا ہے۔ اِس موقعے پر جناب ریجی جو نے مزید کہا کہ خصوصی طور پر اقلیتی طلباء کے لیے قائم کیا جا رہا یہ ریاست کا پہلا ہاسٹیل ہے۔ وزیر موصوف نے بتایا کہ اِس ہاسٹیل کی تعمیر کے لیے 36/ کروڑ روپئے کا فنڈ مہیا کیا گیا ہے۔

***** ***** *****

گورنر سی پی رادھا کرشنن آج بیڑ اور جالنہ کا دورہ کریں گے۔ وہ اب سے ٹھیک ڈیڑھ گھنٹہ بعد یعنی ساڑھے دس بجے چھترپتی سنبھاجی نگر سے ہیلی کاپٹر کے ذریعے بیڑ کے لیے روانہ ہوں گے۔ وہاں وہ مختلف شعبوں کی سرکردہ شخصیات کے ساتھ تبادلہ خیال کریں گے۔ اِس کے بعد دوپہر تقریباً سوا دو بجے وہ بیڑ سے جالنہ کے لیے روانہ ہوں گے۔

***** ***** *****

70/ویں قومی فلم ایوارڈس کل صدر جمہوریہ محترمہ دروپدی مُرمو کے ہاتھوں تقسیم کیے گئے۔ یہ تقریب نئی دِلّی میں منعقدہ کی گئی تھی۔ اِس موقعے پر اپنے خطاب میں صدر جمہوریہ نے کہا کہ خواتین کی قیادت کو فروغ دینے کے لیے فلمی دنیا کو مزید اقدام کرنے چاہیے۔ اِس تقریب میں مرکزی وزیر برائے اطلاعات و نشریات اَشونی ویشنو اور مملیکتی وزیر ایل مُرگن سمیت کئی نامور شخصیات موجود تھیں۔ اِس موقعے پر صدر جمہوریہ نے مزید کہا کہ …

**''ادھیکانش اُچ شکشن سنستھا میں پُرسکار پراپت کرنے والے چھاتراؤں کی سنکھیا چھاتروں سے ادھیک ہوتی ہے۔ ایسا ہی بدلاؤ روزگار اور اُدیوگ جگت میں بھی ہونا چاہیے۔ فلم اُدیوگ دوارا او مینیڈ ڈیولپمنٹ کی دِشا میں اور ادھیک پریاس کیا جاسکتا ہے۔ فلم اور سوشل میڈیا سماج کو بدلنے کا سب سے ادھیک مضبوط مادھیم ہے۔ لوگوں میں جاگرُکتا پیدا کرنے کے لیے جتنا اثر اُن مادھیمو سے پڑتا ہے اُتنا کسی اور مادھیم سے سنبھو نہیں ہے۔''**

اِس مرتبہ بزرگ اداکار متھون چکرورتی کو دادا صاحب پھالکے ایوارڈ سے سرفراز کیا گیا۔ اِسی طرح دیپک دعا کو بہترین فلمی نقاد کے لیے سونے کا کمل دے کر اُن کی ستائش کی گئی۔ اِس کے علاوہ فلمی دنیا سے متعلق بہترین کتاب کا ایوارڈ اَنی رُدھ بھٹا چاریہ کی کتاب '' کشور کمار دی الٹیمیٹ بایوگرافی '' کو دیا گیا۔ فلم '' کانتارا '' میں بہترین اداکاری کا مظاہرہ کرنے والے رُشبھ شیٹی کو ایوارڈ سے نوازا گیا۔ بہترین ہدایت کار کا ایوارڈ پرمود پُن ہانا کو دیا گیا۔ بہترین فلم کا ایوارڈ ملیالم فلم '' آٹم '' کو دیا گیا۔

'' مرمرس آف دی جنگل '' نامی مراٹھی دستاویزی فلم کے لیے سہیل ویدیہ کو اور '' وارثا '' مراٹھی نامی فلم کے لیے سچن سوریہ ونشی کو نقرئی کمل سے نوازا گیا۔

اپنے خطاب میں صدر جمہوریہ نے اِس مرتبہ قومی فلم ایوارڈ پانے والے سبھی فنکاروں کو مبارکباد پیش کی۔

***** ***** *****

دبئی میں کھیلے جارہے لڑکیوں کے T-20 رکرکٹ ورلڈکپ میں آج بھارت کا مقابلہ شری لنکا سے ہوگا۔ بھارتی وقت کے مطابق یہ مقابلہ شام ساڑھے سات بجے شروع ہوگا۔

دوسری جانب بھارت اور بانگلہ دیش کے لڑکوں کی کرکٹ ٹیم کے مابین جاری تین T-20 رکرکٹ مقابلوں کی سیریز کا دوسرا مقابلہ آج دِلّی میں کھیلا جائے گا۔ خیال رہے کہ سیریز کا پہلا مقابلہ بھارت نے جیتا تھا۔

***** ***** *****

ہنگولی ضلع کلکٹر ابھینو گوئل نے آئندہ اسمبلی چناؤ کی تیاریوں کا کل جائزہ لیا۔ اِس موقعے پر انھوں نے سبھی نوڈل افسران کو انتخاب کا اطلاع نامہ جاری ہونے کے بعد سے نتائج کا اعلان ہونے تک سبھی مراحل کے کام کاج بہترین طریقے سے پورے کرنے کی ہدایت دی۔

***** ***** *****

ریاستی کمیشن برائے عوامی حقوق کے کمشنر کرن جادھو نے متعلقہ افسران کو ہدایت دی ہے کہ وہ شہریان کو دی جانے والی خدمات کی شفافیت میں مزید اضافہ کریں اور جلد از جلد خدمات کی فراہمی کو یقینی بنائیں۔ وہ کل چھترپتی سنبھاجی نگر میں عوامی خدمات حقوق ایکٹ پر عمل آوری کے جائزہ اجلاس میں اظہار خیال کر رہے تھے۔ اِس موقعے پر انھوں نے متعلقہ افسران کو کہا کہ وہ تمام خدمات آن لائن مہیا کرنے کو ترجیح دیں۔ جناب کرن جادھو نے کہا کہ آف لائن سروِسیس کو بھی جلد از جلد آن لائن کیا جائے۔

***** ***** *****

ریاستی فوڈ کمیشن کے صدرنشین سُبھاش راوَت نے کل پربھنی ضلع عوامی نظام تقسیم کے سرکاری گوداموں ، راشن دکانوں اور شعبہ کے کام کاج کا جائزہ لیا۔ اِس موقعے پر انھوں نے متعلقہ افسران کو اناج کے سرکاری گوداموں ،راشن دکانوں ، اسکولوں اور آنگن واڑیوں کا دورہ کرکے خوراک کی تقسیم کا معائنہ کرنے کی ہدایت دی۔

***** ***** *****

ریاست کا پہلا ٹیکنیکل ٹیکسٹائل پارک دھاراشیو میں قائم کیا جائے گا۔ اِس کے پہلے مرحلے میں راستوں کی تعمیر کی جائے گی۔ اِس کے لیے کل ساڑھے سوبیس کروڑ روپئے منظور کیے گئے ہیں۔ اِس موقعے پر رکن اسمبلی راناجگجیت سنگھ پاٹل نے بتایا کہ مختلف بنیادی سہولیات مہیا کرنے کے لیے 114 رکروڑ روپئے کے اخراجات پر مشتمل تخمینی خاکہ تیار کیا گیا ہے۔

***** ***** *****

چھترپتی سنبھا جی نگر میونسپل کارپوریشن کی جانب سے ڈِجیٹل ڈوم تھیٹر Planetarium تعمیر کیا گیا ہے۔کل اِس ڈِجیٹل ڈوم تھیٹر Planetarium میں پہلا شو دکھایا گیا۔ساتھ ہی اِس موقعے پر Planetarium کے چوتھے ہال کا افتتاح میونسپل منتظم جی شریکانت کے ہاتھوں کیا گیا۔

***** ***** *****

ناندیڑ شہر سمیت کل ضلع بھر میں زوردار بارش ہوئی۔اِسی دوران کندھار تعلقے میں آباد مسلگ کے مقام پر بجلی گرنے سے ایک خاتون کی موت واقع ہوگئی جبکہ 2/خواتین شدید زخمی ہوئی ہیں۔

چھترپتی سنبھا جی نگر میں بھی کل رم جھم بارش ہوئی۔محکمہ موسمیات نے آج لاتور ' جالنہ اور بیڑ شہر میں رم جھم بارش ہونے کی امید ظاہر کی ہے۔

***** ***** *****

**آخر میں اہم خبروں کی سرخیاں ایک مرتبہ پھر سن لیجیے ...**

- ☆ **وزیر اعظم آج ہنگولی اور جالنہ میڈیکل کالج سمیت دیگر منصوبوں کا سنگِ بنیاد رکھیں گے**
- ☆ **ریاست میں آبپاشی اسکیمات کو شمسی توانائی سے چلانے کے لیے 29/ہزار کروڑ روپئے کا فنڈ موصول**
- ☆ **اقلیتی برادری سے تعلق رکھنے والے طلباء کے لیے ریاست کا پہلا ہاسٹیل سلوڑ میں قائم کیا جائے گا**
- ☆ **70/ویں قومی فلم ایوارڈ صدر جمہوریہ کے ہاتھوں تقسیم**

**اور**

- ☆ **لڑکیوں کے T-20/کرکٹ ورلڈ کپ ٹورنامنٹ میں آج بھارت کا مقابلہ شری لنکا سے**

**علاقائی خبریں ختم ہوئیں**

**آپ یہ خبرنامہ ہمارے یوٹیوب چینل AIR چھترپتی سنبھا جی نگر پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔**

☆☆☆